fatima T

وسیلۂ نجات

ائمۂ طاہرینؑ کی زبانِ مبارک سے جاری ہونیوالی دُعائیں

وسیلۂ نجات

ائمۂ طاہرینؑ کی زبانِ مبارک سے جاری ہونیوالی دُعائیں

تحریر: پروفیسر سردار نقوی

دیباچہ

دین، اللہ اور بندے کا تعلق ہے۔ دینِ اسلام میں اس کا تعلق ذریعہ کلام ہے۔ کلام اللہ کی طرف سے وحی کی صورت میں نازل ہوتا ہے اور بندوں کی طرف سے دعا کی شکل میں صعود کرتا ہے۔

قرآن اللہ کی آخری کتاب ہے، اس کا پیغام تمام انسانیت کے لئے ہے۔ لیکن یہ پیغام انسانیت تک ایک وسیلہ کے ذریعے پہنچایا گیا۔ قرآن کا نزول قلب رسالتؐ پر ہوا اور پھر اس کا پیغام محمدؐ و آلِ محمدؐ کے بیان کے ذریعہ تمام انسانیت تک پہنچا۔ گویا سُنّتِ الٰہی یہ ہے کہ اللہ کا کلام جو بطورِ وحی نازل ہوا ہے اس کے بندوں تک محمدؐ و آلِ محمدؐ علیہم الصّلوٰۃ والسّلام کے وسیلہ سے پہنچتا ہے اس لئے بندوں کا کلام یعنی دُعا بھی بارگاہِ الٰہی میں اسی وسیلہ سے پہنچتا ہے۔ اسی لئے دُعا کا ادب یہ ہے کہ اس سے قبل اور اس کے بعد محمدؐ و آلِ محمدؐ پر دُرود بھیجا جائے۔ بغیر دُرود کے کوئی دُعا بارگاہِ الٰہی تک رسائی حاصل نہیں کرسکتی اور جب دُعا بغیر دُرود کے وسیلہ کے بارگاہِ الٰہی تک پہنچ ہی نہیں سکتی تو پھر اس کی قبولیت کیسے ممکن ہوسکتی ہے۔

دینِ اسلام خصوصاً مکتبِ اہلِ بیتؑ میں دُعا کو خصوصی اہمیت اور مقام ہے۔ قرآن نے سورۃ البقرہ کی آیت ۱۸۶ میں دُعا کی اہمیت اور معنویت کو بیان کیا ہے۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دُعا کو عبادت کی رُوح قرار دیا ہے اور ائمۂ اہلبیتؑ نے نہ صرف دُعا کے آداب اور طریقے سکھائے ہیں بلکہ مختلف حالات اور مواقع کے لئے ضروری دُعائیں بھی تعلیم کی ہیں۔ اِن دعاؤں کو پڑھنے سے دُنیاوی مسائل حل ہونے کے ساتھ ساتھ انسان پر رُوحانی ترقی کے دروازے بھی کُھل جاتے ہیں، معرفتِ الٰہی کے درجات میں اضافہ ہوتا ہے اور بندے اور اللہ کے تعلق میں قربت اور استحکام کے ثمرات حاصل ہوتے ہیں۔

دُعا حیات و کائنات کے بارے میں انسان کے رُوحانی تصوّر کی علامت ہے۔ حیات و کائنات کا مادّی تصوّر انسان میں استکبار و استغنار کی خرابی پیدا کرتا ہے

جب انسان یہ سمجھتا ہے کہ یہ دُنیا محض علّت و معلول کا کارخانہ ہے جہاں وہ ہر کام اپنی خواہش اور ارادے سے انجام دے سکتا ہے تو پھر وہ اللہ سے مستغنی ہو جاتا ہے۔ اس استغناء کا نتیجہ استکبار کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔ عہدِ حاضر کی مغربی تہذیب اسی استغناء اور استکبار کا نمونہ ہے جس کے نتیجہ میں زمین پر ظلم و فساد کی حکمرانی ہے۔ اس کے برعکس جو لوگ اللہ پر ایمان رکھتے ہیں وہ اس بات کو سمجھتے ہیں کہ ہر چند یہ عالم، عالم اسباب ہے لیکن ہر بات کا آخری فیصلہ اس کے ہاتھ میں ہے جو مُسبّب الاسباب ہے اس لئے اس کی بارگاہ میں عاجزی اور فروتنی کے ساتھ دُعا کرنی ضروری ہے۔ گویا دُعا اس بات کا اقرار ہے کہ یہ عالم صرف اسباب و نتائج کا ہی سلسلہ نہیں ہے بلکہ عالمین کا اپنے رب کے ساتھ ایک ایسا تعلق ہے جسے کسی صورت میں نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ وہ ربُّ العٰلمین ہے۔ عالمین اس کی ربُوبیت کی جلوہ گاہ ہیں، وہ مُسبّب الاسباب ہے، اس کی توفیق و تائید کے بغیر کسی کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچانا اور اس سے خیر کا نتیجہ حاصل کرنا ممکن نہیں ہے۔

دُعاؤں کا یہ مجموعہ جس میں ائمۂ اہلبیتؑ کی تعلیم کردہ منتخب دُعائیں شامل ہیں مومنین کے لئے ایک وسیلۂ نجات ہے۔ اس تحفہ کی پذیرائی کی صورت یہی ہو سکتی ہے کہ مومنین نہ صرف یہ کہ ان دُعاؤں کی تلاوت کریں بلکہ ان کے مطالب و معارف پر غور کر کے اس حقیقت کا شعور حاصل کریں کہ کوئی دُعا محمدؐ و آلِ محمدؐ کے وسیلہ کے بغیر قبول نہیں ہو سکتی لہٰذا سب سے بڑی دعا قائم آلِ محمدؐ کے ظہور کی دُعا ہے۔ انہی کے ظہور کی برکت سے انسانیت کے تمام مسائل حقیقی طور پر حل ہو سکیں گے۔ انشاء اللہ

ترتیب

نام کتاب وسیلۂ نجات
دیباچہ پروفیسر سردار نقوی

۱۔	سُورۃ یٰسٓ	۵
۲۔	اسمِ اعظم	۲۰
۳۔	صلوٰۃ	۲۱
۴۔	حدیثِ کساء	۲۷
۵۔	دُعاء توسّل	۳۹
۶۔	دُعاء صفوان	۴۹
۷۔	دُعاء سباسب	۶۳
۸۔	دُعاء عدیلہ	۹۰

سنِ اشاعت : رمضان المبارک دسمبر ۲۰۰۰ء

تعداد : ـــــ ۲۰۰۰

طابع : ـــــ خرم پرنٹنگ پریس، کراچی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاہُ وَیَکْشِفُ السُّوْٓءَ

سورۃ یٰسین کی عظمت

صادق آل محمدؐ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ سورۃ یٰسین قرآن کا دل ہے جو شخص دن کے وقت اس سورے کی تلاوت کرے گا خدا کی امان میں رہے گا اور شب کو سونے سے پیشتر تلاوت کرنے والے کیلئے خداوند عالم ایک ہزار فرشتے مقرر فرمائے گا جو اس کے حق میں زندگی بھر استغفار کریں گے اور مرنے کے بعد اس کے جنازے کی مشایعت کریں گے نیز قبر میں ساتھ رہیں گے۔ قیامت تک عبادت بجالائیں گے اور اس عبادت کا ثواب اس بندے کو بخشیں گے۔ اس کی قبر کو کشادہ کریں گے۔ نیز ہمیشہ اس کی قبر سے نور نکلتا رہے گا جس وقت وہ اپنی قبر سے اٹھے گا تو یہ فرشتے اس کے ہمراہ ہوں گے جو ہنس ہنس کر اس سے باتیں کریں گے ہر نعمت کی اسے خوش خبری دیں گے حتیٰ کہ صراط و میزان سے گزار کر ملائکہ مقربین اور انبیاء مرسلین کے مقام تک پہنچادیں گے جن کی رفاقت میسر آنے کے بعد رب العزت ارشاد فرمائے گا کہ اے میرے بندے اگر تو چاہے شفاعت کر کہ تیری شفاعت لوگوں کے حق میں مقبول ہے اور جو کچھ تو مجھ سے چاہے طلب کر تمام مقصود تیرے تجھ کو عنایت کرونگا پس جس کی وہ بندہ شفاعت کریگا اور جو کچھ وہ طلب کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو عنایت فرمائے گا اس کا حساب نہیں لے گا اور کسی گناہ کا اس سے مواخذہ نہ ہوگا۔ قیامت کے دن لوگ اس کا مرتبہ دیکھ کر کہیں گے۔ سُبحان اللہ ! اس بندے سے کوئی چھوٹا سا گناہ بھی نہیں ہوا ہے کہ اس کا مواخذہ ہو۔

اور جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے روایت ہے کہ جو شخص قربۃً الی اللہ اس سورے کو پڑھے اس کے تمام گناہ بخشے جائیں گے اور ثواب بارہ قرآن مجید کے ختم کرنے کا اس کو حاصل ہوگا اور دوسری روایت میں وارد ہے کہ بائیس قرآن کے ختم کا ثواب ملے گا۔ اگر بیمار کے سرہانے اس سورے

کو پڑھیں تو بہ شمار ہر حرف کے دس فرشتے اس کے پاس حاضر ہوں گے اور اس کے لئے بخشش چاہیں گے اس کی قبض روح کے بعد اس کے جنازے کے ہمراہ جائیں گے، اس پر نماز پڑھیں گے اور درود بھیجیں گے پھر عذاب سے اس کی حفاظت کریں گے اور جو بیمار مرتے وقت اس سورے کو پڑھے یا اور کوئی شخص اس کے پاس پڑھے، رضوان اس کے لئے حوض کوثر کا پانی لے کر آئے گا اور اسے بہشت کی خوش خبری دے گا۔ نیز آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اس سورے کی تلاوت کرنے والے اور سننے والے کو دنیا و آخرت کی بہتری حاصل ہوتی ہے۔ اس سورے کو دافع کہتے ہیں کیونکہ اس کے پڑھنے والے سے دنیا و آخرت کی بلائیں دفع ہوتی ہیں اور اس کو قاضیہ بھی کہتے ہیں کیونکہ پڑھنے والے کی تمام حاجتیں پوری ہوتی ہیں جو شخص اس کو ایک بار پڑھے اسے بیس حج کا ثواب ملتا ہے اور جو کوئی اسے سُنے اسے اس شخص کے مانند ثواب حاصل ہوتا ہے جس نے ہزار دینار دیئے ہوں اور جو شخص اسے لکھے اور دھو کر پئے تو ہزار شفائیں ہزار نور، ہزار برکتیں اور ہزار رحمتیں حاصل ہوں گی اور تمام جسمانی بیماریاں دور ہوں گی۔

نیز آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص اس کو قبرستان میں تخفیف عذاب کی نیت سے پڑھے تو وہاں جو دفن ہیں ان کا عذاب دور ہوگا اور جتنے لوگ اس مقبرے میں مدفون ہیں ان کی تعداد کے برابر اسے حسنات حاصل ہوں گے۔

(۳۶) سُوْرَةُ يٰسٓ مَكِّيَّةٌ (۴۱)

آیاتھا ۸۳ رکوعاتھا ۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
ابتدا، اللہ کے نام سے، جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنیوالا ہے

يٰسٓ ۝١ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝٢
یٰسین، اور واس، پُر از حکمت قرآن کی قسم اے رسول،

اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝٣
تم بلا شک یقینی پیغمبروں میں سے ہو،

عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝٤
(اور دین کے بالکل) سیدھے راستہ پر ثابت قدم) ہو،

تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۝٥
جو بڑے مہربان (اور) غالب (خدا) کا نازل کیا ہوا ہے،

لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ۝٦
تاکہ تم ان لوگوں کو (عذابِ خدا سے) ڈراؤ جنکے باپ دادا تم سے پہلے کسی پیغمبر سے ڈرائے نہیں گئے تھے تو وہ (دین سے بالکل) بے خبر ہیں

لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى
اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٧﴾
اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا
فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ
مُّقْمَحُوْنَ ﴿٨﴾ وَجَعَلْنَا
مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا
وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا
فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا
يُبْصِرُوْنَ ﴿٩﴾ وَسَوَآءٌ
عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ
اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا
يُؤْمِنُوْنَ ﴿١٠﴾ اِنَّمَا تُنْذِرُ
مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ
الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ فَبَشِّرْهُ
بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ﴿١١﴾
اِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى
وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَ

ان میں سے اکثر پر تو عذاب کی) باتیں یقیناً بالکل
ٹھیک پوری اتریں یہ لوگ تو ایمان لائینگے نہیں
ہم نے انکی گردنوں میں بھاری بھاری لوہے کے طوق
ڈال دیئے ہیں اور وہ ٹھوڑیوں تک پہونچے ہوتے ہیں کر
وہ گردنیں اٹھائے ہوئے ہیں (سر جھکا نہیں سکتے) ہم نے ایک
دیوار ان کے آگے بنادی ہے اور ایک دیوار انکے پیچھے
پھر اوپر سے ان کو ڈھانپ دیا ہے تو وہ
کچھ دیکھ ہی نہیں سکتے .. .. ..
.. .. اور (اے رسولؐ)،
ان کے لئے برابر ہے خواہ تم انہیں ڈراؤ
یا نہ ڈراؤ یہ کبھی ایمان لانے
والے نہیں ہیں .. .. .. تم تو بس!
اس شخص کو ڈرا سکتے ہو جو نصیحت مانے اور
بے دیکھے بھالے خدا کا خوف رکھے تم تو اسکو گناہوں کی،
معافی اور ایک باعزت (وآبرو) اجر کی خوشخبری دے دو
ہم ہی یقیناً مُردوں کو زندہ کرتے ہیں اور جو کچھ لوگ
پہلے کر چکے ہیں (ان کو) اور ان کی اچھی یا

آثَارَهُمْ ۚ وَكُلَّ شَيْءٍ
أَحْصَيْنَاهُ فِي إِمَامٍ مُّبِينٍ ﴿١٢﴾
وَاضْرِبْ لَهُم مَّثَلًا أَصْحَابَ
الْقَرْيَةِ إِذْ جَاءَهَا
الْمُرْسَلُونَ ﴿١٣﴾ إِذْ أَرْسَلْنَا
إِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوهُمَا
فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ
فَقَالُوا إِنَّا إِلَيْكُم مُّرْسَلُونَ ﴿١٤﴾
قَالُوا مَا أَنتُمْ إِلَّا بَشَرٌ
مِّثْلُنَا وَمَا أَنزَلَ الرَّحْمَٰنُ
مِن شَيْءٍ إِنْ أَنتُمْ إِلَّا
تَكْذِبُونَ ﴿١٥﴾ قَالُوا رَبُّنَا
يَعْلَمُ إِنَّا إِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُونَ ﴿١٦﴾
وَمَا عَلَيْنَا إِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ﴿١٧﴾
قَالُوا إِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۖ
لَئِن لَّمْ تَنتَهُوا
لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُم

بڑی باقیماندہ) نشانیوں کو لکھتے جاتے ہیں اور
ہم نے ہر چیز کو ایک صریح وروشن پیشوا میں
گھیر دیا ہے اور (اے رسول) تم (ان سے) مثال کے
طور پر ایک گاؤں (انطاکیہ) والوں کا قصہ بیان کرو
کہ جب وہاں (ہمارے) پیغمبر آئے اس طرح کہ جب
ہم نے ان کے پاس دو پیغمبر (یوحنا و یونسؑ) بھیجے
تو ان لوگوں نے دونوں کو جھٹلایا تب ہم نے ایک تیسرے
(پیغمبر شمعون) سے (ان دونوں کو) مدد دی تو ان تینوں
نے کہا ہم تمہارے پاس خدا کے بھیجے ہوئے آئے ہیں' وہ
لوگ کہنے لگے کہ تم لوگ بھی تو بس ہمارے ہی سے آدمی ہو
اور خدا نے کچھ نازل (وازل) نہیں کیا ہے تم سب کے
سب بالکل جھوٹے ہو، تب ان پیغمبروں نے کہا
کہ ہمارا پروردگار جانتا ہے کہ ہم یقیناً اسی کے بھیجے
ہوئے آئے ہیں! اور تم مانو یا نہ مانو ہم پر تو بس کھلم کھلا
احکام خدا کا پہنچا دینا فرض ہے وہ لوگ بولے ہم نے تم
لوگوں کو بہت نحس قدم پایا ہے (کہ تمہارے آتے ہی قحط
میں مبتلا ہوئے) تو اگر تم اپنی باتوں سے باز نہ آئے تو ہم لوگ

مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿١٨﴾
قَالُوْا طَآئِرُكُمْ مَّعَكُمْ ؕ
اَئِنْ ذُكِّرْتُمْ ؕ بَلْ
اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿١٩﴾
وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا
الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى
قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا
الْمُرْسَلِيْنَ ۙ﴿٢٠﴾ اتَّبِعُوْا
مَنْ لَّا يَسْئَلُكُمْ اَجْرًا
وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿٢١﴾
وَمَالِيَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِيْ
فَطَرَنِيْ وَ اِلَيْهِ
تُرْجَعُوْنَ ﴿٢٢﴾ ءَاَتَّخِذُ
مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً اِنْ
يُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ بِضُرٍّ
لَّا تُغْنِ عَنِّيْ شَفَاعَتُهُمْ
شَيْـًٔا وَّلَا

تمہیں ضرور سنگسار کر دینگے اور تم کو یقینی ہمارا دردناک عذاب
پہنچے گا۔ پیغمبروں نے کہا کہ تمہاری بدشگونی (تمہاری طرف سے)
تمہارے ساتھ ہے۔ کیا جب نصیحت کی جاتی ہے تو اسے
بدفالی کہتے ہو (نہیں) بلکہ خود اپنی حد سے بڑھ گئے ہو۔
اور اتنے میں شہر کے اس سرے سے ایک
شخص (حبیب نجار) دوڑتا ہوا آیا اور کہنے
لگا کہ اے میری قوم (ان) پیغمبروں
کا کہا مانو ایسے لوگوں کا ضرور
کہنا مانو جو تم سے (تبلیغ رسالت کی) کچھ مزدوری
مانگتے اور وہ لوگ ہدایت یافتہ بھی ہیں اور مجھے
کیا خبط ہوا ہے؟ کہ جس نے مجھے پیدا کیا ہے
اس کی عبادت نہ کروں حالانکہ تم سب کے سب
اسی کی طرف لوٹ کر جاؤ گے۔ کیا میں اسے
چھوڑ کر دوسروں کو معبود بنالوں؟ اگر خدا مجھے کوئی
تکلیف پہنچانا چاہے تو نہ ان کی سفارش ہی
میرے کچھ کام آئے گی اور نہ یہ لوگ مجھے
(اس مصیبت سے) چھڑا ہی سکیں گے اگر ایسا

يُنْقِذُوْنِ ﴿٢٣﴾ اِنِّيْۤ اِذًا
لَّفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٢٤﴾
اِنِّيْۤ اٰمَنْتُ بِرَبِّكُمْ
فَاسْمَعُوْنِ ﴿٢٥﴾ قِيْلَ ادْخُلِ
الْجَنَّةَ ۭ قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِيْ
يَعْلَمُوْنَ ﴿٢٦﴾ بِمَا غَفَرَ لِيْ
رَبِّيْ وَجَعَلَنِيْ مِنَ
الْمُكْرَمِيْنَ ﴿٢٧﴾ وَمَآ
اَنْزَلْنَا عَلٰي قَوْمِهٖ مِنْۢ
بَعْدِهٖ مِنْ جُنْدٍ مِّنَ
السَّمَاۗءِ وَمَا كُنَّا مُنْزِلِيْنَ ﴿٢٨﴾
اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً
وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ
خٰمِدُوْنَ ﴿٢٩﴾ يٰحَسْرَةً عَلَي
الْعِبَادِ ۚ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ
رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ
يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٣٠﴾ اَلَمْ يَرَوْا

کروں) تو اس وقت میں صریح
گمراہی میں ہوں، میں تو تمہارے
پروردگار پر ایمان لاچکا تو میری
بات سنو اور مانو، مگر ان لوگوں نے اسے سنگسار کر
ڈالا تب) اسے خدا کا حکم ہوا کہ بہشت میں جاؤ
(اسوقت بھی اسے قوم کا خیال آیا) تو کہا اے پروردگار
نے مجھے بخش دیا اور مجھے بزرگ لوگوں میں شامل کر
دیا کاش اسکو میری قوم کے لوگ جان لیتے (ایمان لاتے)
اور ہم نے اسکے مرنے کے بعد اسکی قوم پر (انکی تباہی
کیلئے) نہ تو آسمان سے کوئی لشکر اتارا اور نہ ہم کبھی
(اتنی سی بات کے واسطے) لشکر اتارنے والے تھے۔
وہ تو صرف ایک چنگھاڑ تھی (جو کردی گئی) پھر
تو وہ فوراً (چراغ سحری کیطرح) بجھ کے رہ گئے، ہائے
افسوس بندوں کے حال پر کہ کبھی ان کے پاس
کوئی رسول نہیں آیا مگر ان لوگوں نے اس کے ساتھ
مسخرہ پن ضرور کیا، ان لوگوں نے (اتنا بھی)
غور نہیں کیا کہ ہم نے ان سے پہلے

كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ
مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ اِلَيْهِمْ
لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۳۱﴾ وَاِنْ كُلٌّ
لَّمَّا جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿۳۲﴾
وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ
الْمَيْتَةُ ۚ اَحْيَيْنٰهَا وَ
اَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا
فَمِنْهُ يَاْكُلُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَ
جَعَلْنَا فِيْهَا جَنّٰتٍ
مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّ اَعْنَابٍ
وَّ فَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ
الْعُيُوْنِ ﴿۳۴﴾ لِيَاْكُلُوْا مِنْ
ثَمَرِهٖ ۙ وَمَا عَمِلَتْهُ
اَيْدِيْهِمْ ۭ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۳۵﴾
سُبْحٰنَ الَّذِيْ خَلَقَ
الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ
الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَ

کتنی امتوں کو ہلاک کر ڈالا اور وہ
لوگ ان کے پاس ہرگز پلٹ کر
نہیں آسکتے (ہاں)، البتہ یہ سب کے سب
اکٹھا ہو کر ہماری بارگاہ میں حاضر کیے جائیں
گے، اور ان (کے سمجھنے) کے لیے (میری قدرت
کی) ایک نشانی مردہ (پڑی) زمین ہے کہ
ہم نے اس کو (پانی سے) زندہ کر دیا اور ہم
ہی نے اس سے دانہ نکالا تو یہ لوگ کھایا کرتے
ہیں، اور ہم ہی نے اس زمین میں چھوہاروں
اور انگور کے باغ لگائے اور ہم ہی نے اس
میں (پانی کے) چشمے جاری کیے تاکہ لوگ انکے پھل
کھائیں، اور کچھ ان کے ہاتھوں نے اسے
نہیں بنایا (بلکہ خدا نے!) تو کیا یہ لوگ
(اس پر بھی) شکر نہیں کرتے؟
وہ (ہر عیب سے) پاک صاف ہے جس
نے زمین سے اگنے والی چیزوں اور خود
ان لوگوں کے اور ان چیزوں کے جن کی انھیں خبر

مِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٣٦﴾ وَاٰيَةٌ
لَّهُمُ الَّيْلُ ۚ نَسْلَخُ مِنْهُ
النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ ﴿٣٧﴾
وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ
لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ۭ ذٰلِكَ
تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿٣٨﴾
وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ
حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ
الْقَدِيْمِ ﴿٣٩﴾ لَا الشَّمْسُ
يَنْۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ
الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ
النَّهَارِ ۭ وَكُلٌّ فِيْ فَلَكٍ
يَّسْبَحُوْنَ ﴿٤٠﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمْ
اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي
الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿٤١﴾ وَ
خَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ
مَا يَرْكَبُوْنَ ﴿٤٢﴾ وَاِنْ نَّشَاْ

نہیں سب کے جوڑے پیدا کئے اور (میری قدرت کی)
ایک نشانی رات ہے جس سے ہم دن کو کھینچ کر نکال
لیتے (زائل کر دیتے) ہیں تو اس وقت یہ لوگ اندھیرے
میں رہ جاتے ہیں اور ایک نشانی آفتاب ہے جو اپنے
ایک ٹھکانے پر چل رہا ہے اسب سے غالب واقف
کار خدا کا باندھا ہوا اندازہ ہے
اور ہم نے چاند کے لئے منزلیں مقرر کر دیں ہیں
یہاں تک کہ پھر کے (آخر ماہ میں) کھجور کی پرانی ٹہنی
کا سا (پتلا ٹیڑھا) ہو جاتا ہے، نہ تو آفتاب ہی سے
یہ بن پڑتا ہے کہ وہ ماہتاب کو جا لے اور
نہ رات ہی دن سے آگے بڑھ سکتی ہے،
(چاند سورج ستارے) ہر ایک اپنے اپنے (آسمان (مدار)
میں چکر لگا رہے ہیں اور ان کیلئے (میری قدرت کی)
ایک نشانی یہ ہے کہ انکے بزرگوں کو (نوح کی) بھری
ہوئی کشتی میں سوار کیا، اور اس کشتی کے مثل ان لوگوں
کے واسطے بھی وہ چیزیں (کشتیاں وجہاز) پیدا کر دیں جن
پر یہ لوگ خود سوار ہوا کرتے ہیں اور اگر ہم چاہیں تو ان

نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ
لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنْقَذُوْنَ (٤٣)
اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَ مَتَاعًا
اِلٰى حِيْنٍ (٤٤) وَ اِذَا قِيْلَ
لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَيْنَ
اَيْدِيْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ
لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ (٤٥) وَمَا
تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ
اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا
مُعْرِضِيْنَ (٤٦) وَ اِذَا قِيْلَ
لَهُمْ اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ
اللّٰهُ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنُطْعِمُ مَنْ
لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ اَطْعَمَهٗٓ
اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ
مُّبِيْنٍ (٤٧) وَ يَقُوْلُوْنَ مَتٰى
هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ

سب لوگوں کو ڈوبا ماریں۔ پھر نہ ان
کا کوئی فریادرس ہوگا اور نہ وہ لوگ چھٹکارا ہی پاسکتے
ہیں مگر ہماری مہربانی سے اور چونکہ ایک (خاص) وقت
تک (انکو) چین کرنے دینا (منظور) ہے۔ اور جب کفار
سے کہا جاتا ہے کہ اس (عذاب) سے بچو جو ہر وقت
تمہارے ساتھ ساتھ تمہارے سامنے اور تمہارے پیچھے (موجود)
ہے تاکہ تم پر رحم کیا جائے (تو وہ پروا نہیں کرتے) اور انکی
حالت یہ ہے کہ جب ان کے پروردگار کی نشانیوں میں
سے کوئی نشانی ان کے پاس آئی تو یہ لوگ منہ موڑے
بغیر کبھی نہ رہے، اور جب ان کفار سے کہا جاتا ہے
کہ (مال دنیا سے) جو خدا نے تمہیں دیا ہے اس میں
سے کچھ (خدا کی راہ میں بھی) خرچ کرو تو یہ کفار
ایمان والوں سے کہتے ہیں کہ بھلا ہم اس شخص کو
کھلائیں جسے (تمہارے خیال کے موافق) خدا چاہتا تو
اس کو خود کھلاتا تم لوگ بس صریح گمراہی میں (پڑے
ہوئے) ہو۔ اور کہتے ہیں کہ (بھلا) اگر تم لوگ (اپنے دعوے میں)
سچے ہو تو آخر یہ (قیامت کا) وعدہ کب پورا ہوگا (اے رسول) یہ لوگ

صٰدِقِيْنَ ﴿۴۸﴾ مَا يَنْظُرُوْنَ
اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً تَاْ
خُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ ﴿۴۹﴾
فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً
وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ
يَرْجِعُوْنَ ﴿۵۰﴾ وَنُفِخَ فِى
الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ
الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ
يَنْسِلُوْنَ ﴿۵۱﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَا
مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا ۜ سکتة
هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ
وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۵۲﴾
اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً
وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ
لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿۵۳﴾
فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ
شَيْئًا وَّلَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا

ایک سخت چنگھاڑ (صور) کے منتظر ہیں جو انہیں (اس
وقت) آ لے ڈالے گی جب یہ باہم جھگڑ رہے ہونگے پھر
نہ تو لوگ وصیت ہی کرنے پائینگے اور نہ اپنے اہل و عیال
ہی کی طرف لوٹ کر جاسکیں گے اور پھر (جب دوبارہ)
صور پھونکا جائیگا تو اسی دم یہ سب لوگ (اپنی
اپنی) قبروں سے (نکل نکل کے) اپنے پروردگار
کی طرف چل کھڑے ہوں گے، اور (حیران
ہو کر) کہیں گے ہائے افسوس (ہم تو پہلے
سو رہے تھے) ہمیں ہماری خواب گاہ سے
کس نے اٹھایا (جواب آئیگا) کہ یہ وہی (قیامت کا)
دن ہے جسکا (خدا نے) بھی وعدہ کیا تھا اور پیغمبروں نے بھی
سچ کہا تھا (قیامت تو) بس ایک سخت چنگھاڑ ہوگی
پھر ایکا ایکی یہ لوگ سب کے سب ہمارے حضور پیش
کئے جائینگے پھر آج (قیامت کے دن) کسی شخص پر
کچھ بھی ظلم نہ ہوگا اور تم لوگوں کو تو اسی
کا بدلہ دیا جائے گا جو تم لوگ (دنیا میں)
کیا کرتے تھے، بہشت کے رہنے والے آج

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۴﴾ اِنَّ
اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ
شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ﴿۵۵﴾ هُمْ وَ
اَزْوَاجُهُمْ فِيْ ظِلٰلٍ عَلَى
الْاَرَآئِكِ مُتَّكِـُٔوْنَ ﴿۵۶﴾
لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ
مَّا يَدَّعُوْنَ ﴿۵۷﴾ سَلٰمٌ قَوْلًا
مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿۵۸﴾ وَ
امْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا
الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۵۹﴾ اَلَمْ اَعْهَدْ
اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا
تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ اِنَّهٗ لَكُمْ
عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۶۰﴾ وَّاَنِ اعْبُدُوْنِيْ
هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۶۱﴾
وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا
كَثِيْرًا اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا
تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۲﴾ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ

(روز قیامت) ایک نہ ایک مشغلے میں جی بہلا
رہے ہیں، وہ اپنی بی بیوں کے ساتھ (ٹھنڈی)
چھاؤں میں تکیے لگائے تختوں پر (چین سے)
بیٹھے ہوئے ہیں بہشت میں ان کے لئے (تازہ)
میوے (تیار) ہیں اور جو
وہ چاہیں ان کے لئے (حاضر) ہے، مہربان پروردگار
کی طرف سے سلام کا پیغام آئے گا، اور (ایک آواز
آئے گی کہ) اے گنہگارو تم لوگ (ان سے) الگ ہو
جاؤ، اے آدم کی اولاد کیا میں نے تمہارے پاس
یہ حکم نہیں بھیجا تھا کہ (خبردار) شیطان کی
پرستش نہ کرنا (وہ یقینی تمہارا کھلا دشمن
ہے، اور یہ کہ (دیکھو) صرف میری عبادت
کرنا یہی (نجات کی) سیدھی راہ ہے اور
(باوجود اس کے) اس نے تم میں سے بہتیروں کو
گمراہ کر چھوڑا۔ تو کیا تم (اتنا بھی) نہیں
سمجھتے تھے، یہ وہی جہنم ہے جس کا تم سے
وعدہ کیا گیا تھا، تو اب چونکہ تم کفر

الَّتِي كُنتُمْ تُوعَدُونَ ﴿٦٣﴾
اصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنتُمْ
تَكْفُرُونَ ﴿٦٤﴾ الْيَوْمَ نَخْتِمُ
عَلَىٰ أَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَا
أَيْدِيهِمْ وَتَشْهَدُ أَرْجُلُهُم
بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ﴿٦٥﴾ وَلَوْ
نَشَاءُ لَطَمَسْنَا عَلَىٰ أَعْيُنِهِمْ
فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَأَنَّىٰ
يُبْصِرُونَ ﴿٦٦﴾ وَلَوْ نَشَاءُ
لَمَسَخْنَاهُمْ عَلَىٰ مَكَانَتِهِمْ
فَمَا اسْتَطَاعُوا مُضِيًّا
وَلَا يَرْجِعُونَ ﴿٦٧﴾ وَمَن
نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي
الْخَلْقِ ۖ أَفَلَا يَعْقِلُونَ ﴿٦٨﴾
وَمَا عَلَّمْنَاهُ الشِّعْرَ
وَمَا يَنبَغِي لَهُ ۚ إِنْ هُوَ
إِلَّا ذِكْرٌ وَقُرْآنٌ مُّبِينٌ ﴿٦٩﴾

کرتے تھے اس وجہ سے آج اس میں (چکھے سے)
سے چلے جاؤ، آج ہم انکے مونہوں پر مہر لگا دینگے
اور جو جو کارستانیاں یہ لوگ (دنیا میں) کر رہے
تھے خود ان کے ہاتھ ہم کو بتا دیں گے
اور ان کے پاؤں گواہی دیں گے، اور ہم اگر
چاہیں تو ان کی آنکھوں پر جھاڑو پھیر دیں تو
یہ لوگ راہ کو پڑے چکر لگاتے پھریں مگر کہاں دیکھ
پائینگے ۔ اور اگر ہم چاہیں تو جہاں یہ ہیں (وہیں)
ان کی صورتیں بدل کر (پتھر مٹی) بنا دیں پھر نہ تو
ان میں آگے جانے کا قابو رہے اور نہ گھر لوٹ
سکیں، اور ہم جس شخص کو بہت زیادہ
عمر دیتے ہیں تو اسے خلقت میں الٹ کر (پھر بچوں
کی طرح مجبور کر دیتے ہیں) تو کیا لوگ سمجھتے نہیں؟
اور ہم نے نہ اس (پیغمبر) کو شعر کی تعلیم دی ہے
اور نہ شاعری اس کی شان کے لائق ہے۔
یہ کتاب (تو بس (ازمی) نصیحت اور صاف صاف
قرآن ہے تاکہ جو زندہ (دل عاقل) ہو اسے (عذاب سے)

لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا
وَّيَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى
الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۰﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا
اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا
عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ اَنْعَامًا
فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ﴿۷۱﴾ وَ
ذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا
رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا يَاْكُلُوْنَ ﴿۷۲﴾
وَلَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَ
مَشَارِبُ ؕ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۷۳﴾
وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۷۴﴾
لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ
وَهُمْ لَهُمْ جُنْدٌ
مُّحْضَرُوْنَ ﴿۷۵﴾ فَلَا
يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّا
نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا

ڈرائے اور کافروں پر (عذاب کا) قول ثابت ہو جائے
اور حجت باقی نہ رہے، کیا ان لوگوں نے اس پر بھی
غور نہیں کیا کہ ہم نے ان کے فائدے کیلئے چارپائے
اس چیز سے پیدا کئے جسے ہماری ہی قدرت نے بنایا
یہ لوگ ان کے (خواہ مخواہ) مالک بن گئے اور ہم ہی
نے چارپایوں کو ان کا مطیع بنا دیا تو بعض ان
کی سواریاں ہیں اور بعض کو کھاتے ہیں اور چارپایوں
میں ان کے (اور) بہت سے فائدے ہیں اور پینے
کی چیز (دودھ) تو کیا یہ لوگ اس پر بھی شکر نہیں کرتے
اور ان لوگوں نے خدا کو چھوڑ کر (فرضی) معبود بنائے
ہیں تاکہ انہیں ان سے کچھ مدد ملے، حالانکہ وہ لوگ
انکی کسی طرح مدد کر ہی نہیں سکتے اور یہ کفار ان
معبودوں کے لشکر ہیں (اور قیامت میں) ان سب کی
حاضری لی جائے گی، تو اے رسول، تم ان کی باتوں سے
آزردہ نہ ہو جو کچھ یہ لوگ چھپا کر کرتے ہیں اور
جو کچھ کھلم کھلا کرتے ہیں ہم سب کو یقینی جانتے
ہیں، کیا آدمی نے اس پر غور نہیں کیا کہ ہم نے ہی

يَعْلِنُوْنَ ﴿۷۶﴾ اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ
اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ
فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ﴿۷۷﴾
وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ
خَلْقَهٗ ؕ قَالَ مَنْ يُّحْيِ
الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ﴿۷۸﴾
قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَا
هَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ؕ وَهُوَ بِكُلِّ
خَلْقٍ عَلِيْمُۨ ﴿۷۹﴾ الَّذِيْ جَعَلَ
لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ
الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ
مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ﴿۸۰﴾ اَوَلَيْسَ
الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ
الْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ
يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ؔ بَلٰى ق
وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ﴿۸۱﴾
اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ

اس کو ایک (ذلیل) نطفہ سے پیدا کیا پھر وہ ایک
جھگڑالو ہی کھلم کھلا مقابل بن بیٹھا ہے اور ہماری نسبت
باتیں بنانے لگا اور خلقت (کی حالت) بھول گیا اور
کہنے لگا کہ بھلا جب یہ ہڈیاں (سڑ گل کر) خاک ہو
جائیں گی تو پھر کون (دوبارہ) زندہ کر سکتا ہے (اے
رسول) تم کہہ دو کہ اس کو وہی زندہ کریگا جس نے ان
کو (جب یہ کچھ نہ تھے) پہلی مرتبہ زندہ کر دکھایا تھا وہ
ہر طرح کی پیدائش سے واقف ہے جس نے تمہارے
واسطے (مرخ اور عفار کے) ہرے درخت سے آگ
پیدا کر دی ...... پھر تم اس سے
(اور) آگ ...... سلگا لیتے ہو
(بھلا) جس (خدا) نے ...... سارے
آسمانوں اور زمین پیدا کئے کیا وہ اس
پر قابو نہیں رکھتا کہ ان کے مثل (دوبارہ) پیدا
کر دے ہاں (ضرور قابو رکھتا ہے) اور تو پیدا کرنے
والا واقف کار ہے، اس کی شان تو یہ ہے کہ
جب کسی چیز کو پیدا کرنا چاہتا ہے تو

شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ
فَيَكُوْنُ ﴿۸۲﴾ فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ
بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ
وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾

وہ کہہ دیتا ہے کہ ہو جا تو وہ فوراً ہو جاتی
ہے، تو وہ خدا ہر نقص سے پاک صاف
ہے جس کے قبضہ قدرت میں ہر چیز کی حکومت
ہے۔ اور تم لوگ اسی کی طرف لوٹ کر جاؤ گے۔

دُعاءِ اسمِ اعظم

ساتویں فصل

بعض آیات اور نفع دینے والی دعاؤں کے ذکر میں کہ جسے میں نے معتبر کتابوں سے انتخاب کیا ہے پہلی سید اجل سید علی خاں شیرازی رضوان اللہ علیہ نے کتاب کلم طیب میں نقل فرمایا ہے کہ خدائے تعالیٰ کا اسم اعظم کا افتتاح اللہ سے اور اختتام ھُوَ پر ہے اس کے حروف بغیر نقطوں کے ہیں اس کی قرأت میں کوئی تغیر نہیں آتا خواہ اس پر اعراب دیا جائے یا نہ اور وہ قرآن مجید کی پانچ سورتوں کی پانچ آیتوں میں موجود ہے سورہ بقر اور آل عمران و نساء و طٰہٰ و تغابن شیخ مغربی نے کہا ہے کہ جو شخص ہر روز گیارہ دفعہ ان آیات کے پڑھنے کو اپنا ورد قرار دے دے البتہ اس کی ہر مہم کلی اور جزئی بہت جلد آسان ہو جائیگی اور وہ پانچ آیات یہ ہیں :-

(۱) اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ آخر آیۃ الکرسی تک

(۲) اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ نَزَّلَ عَلَیْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْهِ وَ اَنْزَلَ التَّوْرٰىةَ وَ الْاِنْجِیْلَ مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَ اَنْزَلَ الْفُرْقَانَ (۳) اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَیَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى یَوْمِ الْقِیٰمَةِ لَا رَیْبَ فِیْهِ وَ مَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ حَدِیْثًا (۴) اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى (۵) اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَ عَلَى اللّٰهِ فَلْیَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

صلوٰۃ

مندرجہ ذیل درود جو اس پرچے میں امام زمانہؑ نے تحریر فرمائی :

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الۡمُرۡسَلِیۡنَ وَحُجَّۃِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ، اَلۡمُنۡتَجَبِ فِی الۡمِیۡثَاقِ ، اَلۡمُصۡطَفٰی فِی الظِّلَالِ ، اَلۡمُطَھَّرِ مِنۡ کُلِّ اٰفَۃٍ ، اَلۡبَرِیۡءِ مِنۡ کُلِّ عَیۡبٍ ، اَلۡمُؤَمَّلِ لِلنَّجَاۃِ ، اَلۡمُرۡتَجٰی لِلشَّفَاعَۃِ ، اَلۡمُفَوَّضِ اِلَیۡہِ دِیۡنُ اللّٰہِ ۝

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے ۔ اے اللہ درود بھیج محمدؐ پر جو مرسلین کے سردار اور عالمین کے پالنے والے کی حجت و دلیل ہیں ، یوم میثاق منتخب ہیں ، مصطفٰی و برگزیدہ اور عمدہ ہیں تمام سایہ شدہ چشموں میں ، پاک و پاکیزہ ہیں ہر آفت سے ، بری ہیں ہر عیب سے نجات اور شفاعت کی امید گاہ ہیں اور دینِ خدا کے مختار ہیں

وہ

اَللّٰھُمَّ شَرِّفۡ بُنۡیَانَہٗ وَعَظِّمۡ بُرۡھَانَہٗ وَاَفۡلِحۡ

حُجَّتَهٗ ، وَارْفَعْ دَرَجَتَهٗ وَاَضِئْ نُوْرَهٗ وَبَیِّضْ وَجْهَهٗ ، وَاَعْطِهِ الْفَضْلَ وَالْفَضِیْلَةَ وَالدَّرَجَةَ وَالْوَسِیْلَةَ الرَّفِیْعَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا یُّغْبِطُهٗ بِهِ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ ۔

اے اللہ شرف و بزرگی عطا فرما انؐ کے دین کی عمارت کو اور عظمت عطا فرما ان دلیل کو اور فلاح دے ان کی حجت کو اور بلند کر دے ان کے درجے و منزلت کو اور مزید روشن کر دے انؐ کے نور کو اور مزید نورانی کر دے انؐ حضرت کے چہرۂ مبارک کو اور ان کی فضیلتوں میں اضافہ فرما اور منزلت میں اضافہ فرما اور انؐ کے وسیلے میں ترقی فرما اور انؐ حضرت کے مقام کو مزید قابلِ تعریف فرما دے کہ جس پر اولین و آخرین کے (انبیاء مرسلین اور صالحین) رشک کریں۔

• وَصَلِّ عَلٰی اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَوَارِثِ الْمُرْسَلِیْنَ وَقَآئِدِ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِیْنَ ، وَسَیِّدِ الْوَصِیِّیْنَ وَ حُجَّةِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

اے اللہ ! درود بھیج امیر المومنین (حضرت علی بن ابی طالبؑ) پر اور مرسلین کے وارث پر اور روشن پیشانی والوں (نمازیوں) کے قائد و سردار پر اور اوصیاء کے سردار اور پروردگار عالمین کی حجت پر۔

- وَصَلِّ عَلَی الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ اِمَامِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَوَارِثِ الْمُرْسَلِیْنَ وَحُجَّةِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔
- وَصَلِّ عَلَی الْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیٍّ اِمَامِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَوَارِثِ الْمُرْسَلِیْنَ وَحُجَّةِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔
- وَصَلِّ عَلٰی عَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ اِمَامِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَوَارِثِ الْمُرْسَلِیْنَ وَحُجَّةِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔
- وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ اِمَامِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَوَارِثِ الْمُرْسَلِیْنَ وَحُجَّةِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔
- وَصَلِّ عَلٰی جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ اِمَامِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَوَارِثِ الْمُرْسَلِیْنَ وَحُجَّةِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔
- وَصَلِّ عَلٰی مُوْسَی بْنِ جَعْفَرٍ اِمَامِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَوَارِثِ الْمُرْسَلِیْنَ وَحُجَّةِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔
- وَصَلِّ عَلٰی عَلِیِّ بْنِ مُوْسٰی اِمَامِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَوَارِثِ الْمُرْسَلِیْنَ وَحُجَّةِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔
- وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ اِمَامِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَوَارِثِ الْمُرْسَلِیْنَ وَحُجَّةِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔
- وَصَلِّ عَلٰی عَلِیِّ بْنِ مُحَمَّدٍ اِمَامِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَوَارِثِ

الْمُرْسَلِيْنَ وَحُجَّةِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ •

• وَصَلِّ عَلَى الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ إِمَامِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَوَارِثِ الْمُرْسَلِيْنَ وَحُجَّةِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ •

• وَصَلِّ عَلَى الْخَلَفِ الصَّالِحِ الْهَادِي الْمَهْدِيِّ إِمَامِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَوَارِثِ الْمُرْسَلِيْنَ وَحُجَّةِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ •

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّأَهْلِ بَيْتِهِ الْأَئِمَّةِ الْهَادِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَ، الْعُلَمَاءِ الصَّادِقِيْنَ الْأَبْرَارِ الْمُتَّقِيْنَ دَعَائِمِ دِيْنِكَ وَأَرْكَانِ تَوْحِيْدِكَ وَتَرَاجِمَةِ وَحْيِكَ وَحُجَجِكَ عَلٰى خَلْقِكَ وَخُلَفَائِكَ فِيْ أَرْضِكَ الَّذِيْنَ اخْتَرْتَهُمْ لِنَفْسِكَ وَاصْطَفَيْتَهُمْ عَلٰى عِبَادِكَ وَارْتَضَيْتَهُمْ لِدِيْنِكَ وَخَصَصْتَهُمْ بِمَعْرِفَتِكَ وَجَلَّلْتَهُمْ بِكَرَامَتِكَ وَغَشَّيْتَهُمْ بِرَحْمَتِكَ وَرَبَّيْتَهُمْ بِنِعْمَتِكَ وَغَذَّيْتَهُمْ بِحِكْمَتِكَ وَأَلْبَسْتَهُمْ مِّنْ نُّوْرِكَ وَرَفَعْتَهُمْ فِيْ مَلَكُوْتِكَ وَحَفَفْتَهُمْ بِمَلَآئِكَتِكَ وَشَرَّفْتَهُمْ بِنَبِيِّكَ •

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلَيْهِمْ صَلَاةً كَثِيْرَةً

دَآئِمَۃً طَیِّبَۃً، لَا یُحِیطُ بِهَا اِلَّا اَنْتَ وَلَا یَسَعُهَا اِلَّا عِلْمُكَ وَلَا یُحْصِیْهَا اَحَدٌ غَیْرُكَ ۔

• اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی وَلِیِّكَ الْمُحْیِیْ سُنَّتَكَ الْقَائِمِ بِاَمْرِكَ الدَّاعِیْ اِلَیْكَ، الدَّلِیْلِ عَلَیْكَ وَحُجَّتِكَ عَلٰی خَلْقِكَ وَخَلِیْفَتِكَ فِیْ اَرْضِكَ، وَشَاهِدِكَ عَلٰی عِبَادِكَ ۔

• اَللّٰهُمَّ اَعِزَّ نَصْرَهٗ، وَمُدَّ فِیْ عُمْرِهٖ، وَزَیِّنِ الْاَرْضَ بِطُوْلِ بَقَائِهٖ، اَللّٰهُمَّ اکْفِهٖ بَغْیَ الْحَاسِدِیْنَ وَاَعِذْهُ مِنْ شَرِّ الْکَائِدِیْنَ، وَازْجُرْ عَنْهُ اِرَادَۃَ الظَّالِمِیْنَ، وَ خَلِّصْهُ مِنْ اَیْدِی الْجَبَّارِیْنَ ۔

• اَللّٰهُمَّ اَعْطِهٖ فِیْ نَفْسِهٖ وَذُرِّیَّتِهٖ وَشِیْعَتِهٖ وَرَعِیَّتِهٖ وَخَاصَّتِهٖ وَعَامَّتِهٖ وَعَدُوِّهٖ وَجَمِیْعِ اَهْلِ الدُّنْیَا مَا تَقَرُّ بِهٖ عَیْنُهٗ وَتَسُرُّ بِهٖ نَفْسُهٗ وَبَلِّغْهُ اَفْضَلَ اَمَلِهٖ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ اِنَّكَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۔

• اَللّٰهُمَّ جَدِّدْ بِهٖ مَا مُحِیَ مِنْ دِیْنِكَ وَاَحْیِ بِهٖ مَا بُدِّلَ مِنْ کِتَابِكَ وَاَظْهِرْ بِهٖ مَا غُیِّرَ مِنْ حُکْمِكَ، حَتّٰی یَعُوْدَ دِیْنُكَ بِهٖ وَعَلٰی یَدَیْهِ غَضًّا جَدِیْدًا خَالِصًا مُخْلَصًا لَا شَكَّ فِیْهِ، وَلَا شُبْهَۃَ مَعَهٗ وَلَا بَاطِلَ عِنْدَهٗ وَ

لَا بِدْعَةَ لَدَيْهِ •

• اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ بِنُوْرِهٖ كُلَّ ظُلْمَةٍ، وَهُدَّ بِرُكْنِهٖ كُلَّ بِدْعَةٍ اُهْدِمْ بِعِزَّتِهٖ كُلَّ ضَلَالَةٍ وَاقْصِمْ بِهٖ كُلَّ جَبَّارٍ وَاَخْمِدْ بِسَيْفِهٖ كُلَّ نَارٍ، وَاَهْلِكْ بِعَدْلِهٖ كُلَّ جَائِرٍ وَ اَجْرِ حُكْمَهٗ عَلٰى كُلِّ حُكْمٍ وَاَذِلَّ بِسُلْطَانِهٖ كُلَّ سُلْطَانٍ •

• اَللّٰهُمَّ اَذِلَّ كُلَّ مَنْ نَاوَاهُ وَاَهْلِكْ كُلَّ مَنْ عَادَاهُ وَامْكُرْ بِمَنْ كَادَهٗ، وَاسْتَاْصِلْ بِمَنْ جَحَدَ حَقَّهٗ وَاسْتَهَانَ بِاَمْرِهٖ، وَسَعٰى فِيْ اِطْفَاءِ نُوْرِهٖ، وَاَرَادَ اِخْمَادَ ذِكْرِهٖ •

• اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ ِالْمُصْطَفٰى وَعَلِيٍّ ِالْمُرْتَضٰى وَ فَاطِمَةَ الزَّهْرَاءِ اَلْحَسَنِ الرِّضَا، وَالْحُسَيْنِ الْمُصْطَفٰى وَجَمِيْعِ الْاَوْصِيَاءِ وَمَصَابِيْحِ الدُّجٰى، وَاَعْلَامِ الْهُدٰى وَمَنَارِ التُّقٰى وَالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى، وَالْحَبْلِ الْمَتِيْنِ، وَالصِّرَاطِ الْمُسْتَقِيْمِ وَصَلِّ عَلٰى وَلِيِّكَ وَوُلَاةِ عَهْدِهٖ وَالْاَئِمَّةِ مِنْ وُّلْدِهٖ، وَ مُدَّ فِيْ اَعْمَارِهِمْ، وَزِدْ فِيْ اٰجَالِهِمْ، وَبَلِّغْهُمْ اَقْصٰى اٰمَالِهِمْ دِيْنًا وَّدُنْيَا وَّاٰخِرَةً اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ •

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وبہ نستعین

اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاہُ وَیَکْشِفُ السُّوْٓءَ

بھلا وہ کون ہے کہ جب مضطر اسے پکارے تو دعا قبول کرتا ہے اور مصیبت کو دور کرتا ہے (سورۃ النمل آیت ۶۲)

حدیثِ کساء کی سند

حدیثِ کساء کی شہرت و مقبولیت کا کیا کہنا! اس کے مستند ہونے میں کسی کو کلام نہیں، آیۂ وافی ہدایہ "اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰہُ لِیُذْھِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَھْلَ الْبَیْتِ وَیُطَھِّرَکُمْ تَطْھِیْرًا" اہلبیت عصمت وطہارت کی شان میں نازل ہوئی ہے جناب شیخ فخرالدین احمد بن علی بن احمد بن طریح نجفی اعلیٰ اللہ مقامہ کتاب المنتخب فی المراثی والخطب مشہور بہ بیاض فخری اور دیگر علماء و مفسرین نے احادیث و روایات کثیرہ و متواترہ سے نقل فرمایا ہے کہ "آیۂ تطہیر" خمسہ نجبا حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ، حضرت علی مرتضیٰؑ، جناب فاطمۃ الزہراؑ، جناب حسنؑ مجتبیٰ اور جناب حسینؑ شہید کربلا صلوٰۃ اللہ وسلامہ علیہم اجمعین کے حق میں نازل ہوئی ہے۔ حدیث کساء میں اسی آیت کے سبب نزول کی تفصیل ہے۔

مومنین کی خدمت میں گذارش ہے کہ اس حدیث شریف کو نہایت خلوص کیساتھ تین مرتبہ حضرات محمدؐ و آل محمد صلوٰۃ اللہ و سلامہ علیہم اجمعین پر درود بھیجنے کے بعد شروع کریں اور اختتام پر بھی تین مرتبہ صلوٰۃ پڑھیں اور اگر دوران تلاوت چند قطرۂ اشک خضوع و خشوع کی وجہ سے نکل آئیں تو جو دعا کریں گے انشاءاللہ مجیب الدعوات بطفیل اصحاب کساء قبول فرمائے گا۔

کم سے کم روزانہ ایک مرتبہ یا ہفتہ میں ایک دفعہ علی الخصوص شب جمعہ یا روز جمعہ اس کے پڑھنے کا سلسلہ قائم رکھیں۔

انشاءاللہ تسکین قلب اور خیر و برکت سے بہرہ مند ہوں گے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ابتداء اللہ کے نام سے، جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنیوالا ہے

عَنْ جَابِرِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ	بیان کیا جناب جابر ابن عبد اللہ
الْاَنْصَارِیِّ عَنْ فَاطِمَةَ	انصاریؓ نے کہ روایت بیان کی گئی ہے جناب
الزَّهْرَاءِ عَلَیْهَا السَّلَامُ	فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا
بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی	بنتِ حضرت رسول اللہ صلی
اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ قَالَ :	اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ آپ:
سَمِعْتُ فَاطِمَةَ اَنَّهَا قَالَتْ	معصومہ (صلوٰۃ اللہ علیہا) نے فرمایا کہ
دَخَلَ عَلَیَّ اَبِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ	ایک روز میرے پدر بزرگوار رسول اللہ صلی اللہ
فِیْ بَعْضِ الْاَیَّامِ فَقَالَ،	علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے .... اور فرمایا:
اَلسَّلَامُ عَلَیْكِ یَا فَاطِمَةُ،	سلامتی ہو تم پر ..... اے فاطمہؑ
فَقُلْتُ: عَلَیْكَ السَّلَامُ قَالَ	میں نے کہا: آپ پر بھی سلامتی ہو اے بابا
اِنِّیْ اَجِدُ فِیْ بَدَنِیْ ضُعْفًا	پس آپؐ نے فرمایا اے فاطمہ میں اپنے جسم
فَقُلْتُ: لَهٗ اُعِیْذُكَ بِاللّٰهِ	میں ضعف پاتا ہوں حضرت فاطمہ نے آنحضرتؐ
یَا اَبَتَاهُ مِنَ الضُّعْفِ	سے عرض کیا کہ میں آپ کو خدا کی پناہ میں دیتی
فَقَالَ: یَا فَاطِمَةُ اِیْتِیْنِیْ	ہوں اے بابا ضعف سے آنحضرت نے فرمایا: اے
بِالْكِسَاءِ الْیَمَانِیْ فَغَطِّیْنِیْ	فاطمہؑ میرے لئے چادر یمانی لاؤ اور مجھے اڑھادو،

بِہٖ فَاَتَیْتُہٗ بِالْکِسَآءِ الْیَمَانِیْ فَغَطَّیْتُہٗ بِہٖ وَصِرْتُ اَنْظُرُ اِلَیْہِ وَ اِذَا وَجْھُہٗ یَتَلَاْلَؤُ کَاَنَّہُ الْبَدْرُ فِیْ لَیْلَۃِ تَمَامِہٖ وَکَمَالِہٖ فَمَا کَانَتْ اِلَّا سَاعَۃً وَّاِذَا بِوَلَدِیَ الْحَسَنِ قَدْ اَقْبَلَ وَ قَالَ اَلسَّلَامُ عَلَیْكِ یَا اُمَّاہُ فَقُلْتُ: وَعَلَیْكَ السَّلَامُ یَا قُرَّۃَ عَیْنِیْ وَثَمَرَۃَ فُؤَادِیْ فَقَالَ یَا اُمَّاہُ اِنِّیْ اَشَمُّ عِنْدَكِ رَآئِحَۃً طَیِّبَۃً کَاَنَّھَا رَآئِحَۃُ جَدِّیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ فَقُلْتُ: نَعَمْ اِنَّ جَدَّكَ تَحْتَ الْکِسَآءِ فَاَقْبَلَ الْحَسَنُ نَحْوَ الْکِسَآءِ وَ قَالَ: اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ

فرمایا حضرت فاطمہؑ نے کہ میں چادر یمانی لائی، اور میں نے آنحضرت کو اڑھادی اور میں آں جنابؐ کو دیکھ رہی تھی کہ چہرہ حضرتؐ کا نورانی اور روشن ہو کر چمکنے لگا مثل چودھویں رات کے چاند کے، فرمایا حضرت فاطمہ نے: پھر ایک ساعت گزری تھی کہ میرا فرزند حسنؑ آیا اور کہا: سلام ہو آپ پر میرا اے مادر گرامیؑ، پس! کہا میں نے، اور تم پر بھی میرا سلام ہو، اے خنکی چشم اور میرے میوۂ دل پس! حسن نے مجھ سے کہا: اے اماں جان میں سونگھ رہا ہوں آپ کے پاس ایسی خوشبو کہ گویا وہ خوشبو میرے نانا پاک رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہے، فرمایا حضرت فاطمہؑ نے: کہ ہاں تحقیق کہ تمہارے نانا آرام کر رہے ہیں زیر چادر، پس! حسنؑ چادر کی طرف متوجہ ہوئے اور عرض کیا: سلام ہو آپ پر

يَا جَدَّاهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتَاْ
ذَنُ لِيْ اَنْ اَدْخُلَ مَعَكَ
تَحْتَ الْكِسَاۤءِ فَقَالَ: وَعَلَيْكَ
السَّلَامُ يَا وَلَدِيْ وَيَا صَاحِبَ
حَوْضِيْ قَدْ اَذِنْتُ لَكَ
فَدَخَلَ مَعَهُ تَحْتَ الْكِسَاۤءِ
فَمَا كَانَتْ اِلَّا سَاعَةً وَّ
اِذَا بِوَلَدِيَ الْحُسَيْنِ قَدْ
اَقْبَلَ وَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ
يَآ اُمَّاهُ فَقُلْتُ: وَعَلَيْكَ
السَّلَامُ يَا وَلَدِيْ وَيَا قُرَّةَ
عَيْنِيْ وَثَمَرَةَ فُؤَادِيْ فَقَالَ:
لِيْ يَآ اُمَّاهُ اِنِّيْٓ اَشَمُّ عِنْدَكِ
رَاۤئِحَةً طَيِّبَةً كَاَنَّهَا
رَاۤئِحَةُ جَدِّيْ رَسُوْلِ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ
فَقُلْتُ: نَعَمْ اِنَّ جَدَّكَ

اے میرے نانا جان اور اے رسول خدا صلی اللہ علیہ و
آلہ وسلم کیا آپ مجھے اجازت دیتے ہیں کہ میں داخل ہوں
آپکے پاس چادر میں ؟ حضرت رسول خدا صلی اللہ
وآلہ وسلم نے فرمایا: تم پر بھی سلام ہو اے میرے بیٹے !
اور میرے حوض (کوثر) کے مالک ! میں تم کو
اجازت دیتا ہوں، پس امام حسنؑ آنحضرت کے
پاس چادر میں داخل ہوئے. فرمایا حضرت فاطمہ علیہا
السّلام نے ! ابھی ایک ساعت گزری تھی کہ میرا بیٹا
حسینؑ آیا اور عرض کیا، سلام ہو آپ پر اے مادر
گرامی، پس ! میں نے جواب دیا : تم پر بھی سلام
ہو اے میرے فرزند اے خنکی چشم اور اے میرے
میوہ دل پس ! عرض کیا امام حسینؑ علیہ السّلام
نے : اے اماں جان میں آپ کے پاس ایسی
خوشبو سونگھ رہا ہوں کہ گویا وہ خوشبو میرے نانا
جان جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم
کی ہے، پس ! میں نے جواب دیا، ہاں اے
میرے فرزند، تمہارے نانا جان صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم

وَاَخَاكَ تَحْتَ الْكِسَاءِ
فَدَنٰى الْحُسَيْنُ نَحْوَ الْكِسَاءِ
وَقَالَ: اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا
جَدَّاهُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا
مَنِ اخْتَارَهُ اللّٰهُ اَتَاْذَنُ
لِيْ اَنْ اَكُوْنَ مَعَكُمَا
تَحْتَ الْكِسَاءِ فَقَالَ:
وَعَلَيْكَ السَّلَامُ يَا وَلَدِيْ
وَيَا شَافِعَ اُمَّتِيْ قَدْ اَذِنْتُ
لَكَ فَدَخَلَ مَعَهُمَا تَحْتَ
الْكِسَاءِ، فَاَقْبَلَ عِنْدَ ذٰلِكَ
اَبُوالْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْطَالِبٍؑ
وَقَالَ: اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا
بِنْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ، فَقُلْتُ:
وَعَلَيْكَ السَّلَامُ يَا اَبَا الْحَسَنِ
وَيَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ فَقَالَ
يَا فَاطِمَةُ اِنِّيْ اَشَمُّ عِنْدَكِ

اور تمہارے برادر محترم دونوں زیر چادر آرام
کر رہے ہیں، پس امام حسین علیہ السلام چادر
کے قریب گئے اور عرض کیا: سلام ہو آپ پر
اے نانا جان! اور سلام ہو آپ پر اے وہ
بزرگوار جن کو خدا نے منتخب کیا آپ مجھے اجازت
دیتے ہیں کہ میں آپ دونوں بزرگوں
کے پاس زیر چادر داخل ہوں؟ فرمایا رسول
خدا نے امام حسینؑ سے: تم پر بھی سلام ہو اے
فرزند اور اے میری امت کی شفاعت کرنے والے!
میں تمہیں اجازت دیتا ہوں، پس امام حسین دونوں
بزرگوں کے پاس زیر چادر داخل ہوگئے فرمایا جناب فاطمہ
علیہا السلام نے: ابھی تھوڑی دیر گذری تھی
کہ حضرت ابوالحسن علی ابن ابی طالب علیہ السلام
تشریف لائے اور فرمایا: سلام ہو تم پر اے رسول خدا کی
بیٹی، حضرت فاطمہ نے کہا: آپ پر بھی سلام ہو اے
ابوالحسنؑ اور اے امیرالمومنینؑ، امیرالمومنین نے فرمایا
اے فاطمہ میں سونگھ رہا ہوں آپ کے پاس ایسی خوشبو گویا وہ

رَائِحَةً طَيِّبَةً كَاَنَّهَا
رَائِحَةُ اَخِيْ وَابْنِ عَمِّيْ
رَسُوْلِ اللّٰهِ فَقُلْتُ: نَعَمْ
هَا هُوَ مَعَ وَلَدَيْكَ تَحْتَ
الْكِسَاۤءِ فَاَقْبَلَ عَلِيٌّ نَحْوَ
الْكِسَاۤءِ وَقَالَ: اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ
يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتَاْذَنُ لِيْ
اَنْ اَكُوْنَ مَعَكُمْ تَحْتَ
الْكِسَاۤءِ قَالَ: لَهُ وَعَلَيْكَ
السَّلَامُ يَا اَخِيْ وَيَا وَصِيِّيْ
وَخَلِيْفَتِيْ وَصَاحِبَ لِوَاۤئِيْ
قَدْ اَذِنْتُ لَكَ فَدَخَلَ عَلِيٌّ
تَحْتَ الْكِسَاۤءِ ثُمَّ اَتَيْتُ
نَحْوَ الْكِسَاۤءِ وَقُلْتُ اَلسَّلَامُ
عَلَيْكَ يَا اَبَتَاهُ يَا رَسُوْلَ
اللّٰهِ اَتَاْذَنُ لِيْ اَنْ اَكُوْنَ
مَعَكُمْ تَحْتَ الْكِسَاۤءِ قَالَ:

خوشبو میرے بھائی اور میرے ابن عم جناب رسول
خدا صلی اللہ علیہ وآلہ کی ہے، میں نے کہا،
آپ آگاہ ہوں وہ جناب مع آپ کے دونوں
فرزندوں کے آرام کر رہے ہیں چادر کے نیچے پس،
علی ابن ابی طالب علیہ السلام متوجہ ہوئے
چادر کی طرف اور عرض کیا آپ پر اے رسولؐ
خدا سلام ہو! کیا آپ مجھے اجازت دیتے ہیں
کہ میں بھی آپ کے پاس زیر چادر حاضر
ہو جاؤں؟ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم نے، تم پر بھی سلام ہو اے میرے بھائی
اور میرے وصی اور میرے خلیفہ اور میرے علمدار
میں تمہیں چادر کے نیچے داخل ہونے کی اجازت
دیتا ہوں، پس علی ابن ابی طالب علیہ السلام چادر
میں داخل ہوئے فرمایا حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا نے:
کہ بعد اسکے میں خود اس چادر کی طرف متوجہ ہوئی اور عرض
کیا میں نے سلام ہو آپ پر اے بابا جان اے رسولؐ خدا کیا
آپ اجازت دیتے ہیں مجھے کہ میں بھی چادر میں آپکے ساتھ

وَعَلَيْكِ السَّلَامُ يَا بِنْتِيْ
وَيَا بَضْعَتِيْ قَدْ اَذِنْتُ لَكِ
فَدَخَلْتُ تَحْتَ الْكِسَآءِ
فَلَمَّا اكْتَمَلْنَا جَمِيْعًا تَحْتَ
الْكِسَآءِ اَخَذَ اَبِيْ رَسُوْلُ
اللّٰهِ بِطَرَفَيِ الْكِسَآءِ وَاَوْمَئَ
بِيَدِهِ الْيُمْنٰى اِلَى السَّمَآءِ
وَقَالَ: اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ
اَهْلُ بَيْتِيْ وَخَآصَّتِيْ وَ
حَآمَّتِيْ لَحْمُهُمْ لَحْمِيْ وَ
دَمُهُمْ دَمِيْ يُؤْلِمُنِيْ مَا
يُؤْلِمُهُمْ وَيَحْزُنُنِيْ مَا
يَحْزُنُهُمْ اَنَا حَرْبٌ لِّمَنْ
حَارَبَهُمْ وَسِلْمٌ لِّمَنْ
سَالَمَهُمْ وَعَدُوٌّ لِّمَنْ
عَادَاهُمْ وَمُحِبٌّ لِّمَنْ
اَحَبَّهُمْ اِنَّهُمْ مِنِّيْ وَاَنَا

داخل ہوجاؤں، فرمایا رسولؐ خدا نے، ہاں اے
میری بیٹی اور میری پارۂ جگر، میں تم کو چادر میں
داخل ہونے کی اجازت دیتا ہوں حضرت فاطمہؑ
کہتی ہیں کہ میں آنحضرتؐ کے پاس زیر چادر داخل
ہوئی، حضرت فاطمہ فرماتی ہیں کہ جب ہم سب
اہلبیت چادر کے نیچے جمع ہو گئے تو میرے والد محترم رسول خدا
نے چادر کے دونوں سرے تھامے اور اپنے ہاتھ کو آسمان
